فوری ریلیز کے لیے: 24/10/2024 **گورنر KATHY HOCHUL**

آپ کا داخلہ ہو گیا ہے! گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے طلباء کو پبلک کالجز اور یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے میں مدد دینے کے لیے نئے اقدام کا آغاز کیا ہے

گورنر Hochul کے 2024 کے ریاستی خطاب کے حصے کے طور پر، SUNY کی جانب سے اعلیٰ مسابقتی SUNY کیمپسز میں ہائی اسکول کے طلباء کے اعلیٰ ترین 10 فیصد کو خود بخود داخلہ دیا جائے گا

ملک میں سر فہرست براہ راست داخلہ پروگرام، نیو یارک کے لوگوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کو مزید قابل رسائی بنائے گا اور مزید ہنر مند طلباء کو ریاست میں قیام کرنے کی ترغیب دے گا

پروگرام فیز ان سلیکٹ ہائی اسکول کے منتخب سینیئرز کے ساتھ شروع ہو رہا ہے جو 2025 کے موسمِ خزاں والے سیمسٹر میں داخلہ لینے کی تیاری کر رہے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج SUNY ٹاپ 10% پرومس پروگرام کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت نیو یارک ہائی اسکول کے سینیئرز کے لیے اعلیٰ ترین کامیابیاں حاصل کرنے والے طلباء کے لیے SUNY کالجوں اور یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے اور اندراج کروانے کا ایک براہ راست طریقہ فراہم کیا گیا ہے۔ گورنر Hochul نے اپنے 2024 کے ریاستی خطاب کے حصے کے طور پر سب سے پہلے اس منصوبے کا اعلان کیا تھا تاکہ نیو یارک کے مزید طلباء SUNY کی بے مثال رسائی، قابلِ استطاعت ہونے، اور تعلیمی رفعت کے فوائد حاصل کر سکیں۔

"اعلیٰ تعلیم تک رسائی، نیو یارک کے شہریوں کی زندگیوں کو بدلنے اور ایک طالب علم کی زندگی کی رفتار کا رخ تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک کے ایسے طلباء کو جو اپنی کلاس کے سرفہرست 10 فیصد میں گریجویٹ کرتے ہیں، SUNY کیمپس میں براہ راست داخلہ فراہم کرنے سے اعلیٰ تعلیم کی راہ میں حائل رکاوٹیں کم کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ یہ بات بھی یقینی بنائی جائے گی کہ ہمارے طلباء اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں اور یہاں ریاست نیو یارک میں اپنے خوابوں کی تعبیر حاصل کر سکیں۔"

ٹاپ 10% پرومس ایک براہ راست داخلہ پروگرام ہے جو ہائی اسکول کے گریجویٹ کرنے والے ایسے طلباء کو خود بخود داخلہ دیتا ہے جن کا GPA اپنی کلاس کے سرفہرست 10 فیصد میں ہو اور وہ کم از کم ایک منتخب، عالمی معیار کے SUNY کیمپس میں داخلے کے لیے مخصوص تعلیمی تیاری کے معیار پر پورا اترتے ہوں۔ یہ پروگرام ہائی اسکول کے ان منتخب سینیئر طلباء کے لیے مؤثر ہو گا جو 2025 کے موسمِ خزاں والے سیمسٹر میں داخلے کی تیاری کر رہے ہیں۔

ابتدائی طور پر حصہ لینے والے نو کمپسز یہ ہیں: ***یونیورسٹی ایٹ البانی، یونیورسٹی ایٹ بفلو، SUNY کالج برائے ماحولیاتی علوم اور جنگلات، SUNY جینیسیو، SUNY نیو پالٹز، SUNY اونیونٹا، SUNY پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ، پرچیز کالج،*** اور ***اسٹونی بروک یونیورسٹی۔***

جب SUNY ٹاپ 10% پرومس مکمل طور پر نافذ ہو گا تو ریاست نیو یارک کے تمام اسکول ڈسٹرکٹس کے طلباء اس میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ پہلے سال میں، ریاست بھر کے 68 اسکول ڈسٹرکٹس (اور انفرادی چارٹر اسکولز) کو

شرکت کے لیے مدعو کیا گیا تھا، جن کا انتخاب ان کی دیہی، شہری اور مضافاتی کمیونٹیز میں خدمات اور ان کے طلباء کی ایک بڑی تعداد کا تعلق کم آمدنی والے پس منظر سے ہونے کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ ابتدائی شرکت کرنے والے ہائی اسکولز ریاست نیو یارک کے تنوع کی نمائندگی کرتے ہیں۔

یہ گورنر Hochul کی جانب سے اعلیٰ تعلیم تک رسائی کو وسعت دینے اور کالج کو مزید قابل استطاعت بنانے کی مسلسل کوششوں کا تسلسل ہے۔ رواں ماہ کے آغاز میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ مالی سال 2025 کے نافذ شدہ بجٹ میں آمدنی کی حدوں میں اضافہ یقینی بنانے کے بعد، ریاست نیو یارک کے 40,000 سے زیادہ نئے اہل طلباء تعلیمی سال 2024-25 کے لیے ٹیوشن اسسٹنس پروگرام کی درخواستیں پہلے ہی جمع کروا چکے ہیں۔ مزید برآں، گزشتہ ہفتے گورنر نے اعلان کیا ہے کہ CUNY،SUNY اور ریاست نیو یارک بھر کے 50 سے زائد نجی کالجز اور یونیورسٹیز نے مل کر ہائی اسکول سینیئرز کے لیے اس ہفتے سے مفت درخواست کے مواقع فراہم کر دیے ہیں۔

اس بات کا قابلِ ذکر ثبوت پایا جاتا ہے کہ اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے کم آمدنی والے طلباء، اپنے زیادہ آمدنی والے ساتھیوں کے مقابلے میں، کم انتخابی پوسٹ سیکنڈری اداروں میں زیادہ شرح سے درخواست دیتے ہیں اور ان میں داخلہ لیتے ہیں۔ متعدد ریاستیں، جیسے ٹیکساس اور کیلیفورنیا، بھی اعلیٰ ترین کارکردگی دکھانے والے طلباء کے لیے براہِ راست داخلہ فراہم کرتی ہیں اور انہیں معلوم ہوا ہے کہ یہ پالیسی ان کی یونیورسٹی کے نظام میں مساوات کو فروغ دیتی ہے۔ مثال کے طور پر، کیلیفورنیا میں، جہاں طلباء کو UC نظام میں اہل ثابت ہونے کے لیے کالج کی تیاری کا نصاب بھی مکمل کرنا ضروری ہوتا ہے، وہاں داخلے کی ضمانت حاصل ہونے پر کم نمائندگی کے حامل طلباء کے لیے منتخب یونیورسٹیوں میں داخلے کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، گریجویشن کی شرح بڑھی ہے، اور گریجویشن کے بعد آمدنی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

SUNY کے چانسلر John B. King, Jr. نے کہا، "نیو یارک کے ہر شہری کے لیے SUNY میں جگہ موجود ہے، اور SUNY ٹاپ 10% پروگرام سے ہمارے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے ہائی اسکول کے طلباء – خاص طور پر کم آمدنی والے پس منظر سے تعلق رکھنے والوں کے لیے – SUNY کی غیر معمولی قدر اور تعلیمی معیار کو دریافت کرنا اور بھی آسان ہو جائے گا۔ گورنر Hochul کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے، اس نئے براہ راست داخلہ پروگرام سے تعلیمی مساوات کو فروغ ملے گا اور اعلیٰ تعلیم کے دروازے اور بھی زیادہ کھل جائیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Toby Ann Stavisky نے کہا، "ہائی اسکول کی کلاس میں سرفہرست 10 فیصد میں فارغ التحصیل ہونے والے طلباء نے کالج جانے کی صلاحیت ظاہر کی ہے۔ یہ نیو یارک کے مستقبل کے رہنما ہیں، اور براہ راست داخلے کی پیشکش کرتے ہوئے ہم یہ بات یقینی بنانے میں مدد کر سکتے ہیں کہ انہیں وہ معیاری تعلیم ملے جس کی انہیں ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی بھرپور صلاحیت حاصل کر سکیں۔ اس پروگرام سے مستحق طلباء کے لیے مزید مواقع فراہم کیے جائیں گے، جس کے نتیجے میں SUNY میں داخلے کا عمل آسان ہو جائے گا۔"

رکن اسمبلی Patricia Fahy نے کہا، "SUNY ٹاپ 10% پروگرام کے تحت منتخب اسکول ڈسٹرکٹس میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے طلباء کو SUNY اداروں میں براہ راست داخلہ فراہم کیا جائے گا، جہاں وہ بصورت دیگر درخواست نہیں دے سکتے۔ یہ ہماری اعلیٰ تعلیم کو دوبارہ نئی زندگی دینے اور ہائی اسکول کے مزید طلباء کے لیے رسائی بڑھانے کے عزم کا حصہ ہے۔ اس سال کے ریاستی بجٹ میں ٹرننگ آن دی TAP میں ہماری سرمایہ کاری کے ساتھ، ہم مزید طلباء کے لیے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کی راہ ہموار کر رہے ہیں۔"

انسٹی ٹیوٹ برائے کالج ایکسیس اینڈ سکسیس کی سینیئر ڈائریکٹر برائے نیو یارک پالیسی اینڈ ایڈووکیسی از Kirsten Keefe, J.D. نے کہا، "TICAS نے گورنر Hochul اور چانسلر King کی قیادت کی تعریف کی ہے، جنہوں نے یہ بات یقینی بنائی ہے کہ نیو یارک کے طلباء یہ سمجھ جائیں کہ کالج ان کے لیے ایک قابل عمل آپشن ہے۔ مالی ضروریات پوری کرنے اور طلباء کو گریجویشن کے لیے درکار معاونت فراہم کرنے کی موجودہ کوششوں کے ساتھ، آج کے اعلان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ SUNY کس طرح امپائر اسٹیٹ میں نسلی مساوات اور اقتصادی نقل و حرکت کو آگے بڑھانے میں مدد کر رہا ہے۔"

کمپلیٹ کالج امریکا کی صدر Yolanda Watson Spiva نے کہا، "ایک ڈگری یا قیمتی سند حاصل کرنے کے پہلے کے اقدامات میں سے ایک اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر طالب علم کے پاس اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے ایک واضح راستہ موجود ہو۔ ریاست نیو یارک اور SUNY، جو تقریباً ایک سال پہلے کمپلیٹ کالج امریکہ اتحاد میں شامل ہوئے تھے، انہوں نے اقتصادی حیثیت سے قطع نظر، نیو یارک کے لوگوں کی کالج کی تعلیم مکمل کرنے والی تعداد بڑھانے کے لیے اپنی پختہ اور فعال وابستگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ٹاپ 10% پرومس پروگرام، ریاست کے ہر طالب علم کے لیے قابل عمل ثانوی تعلیمی راستے تخلیق کرنے کی کوششوں کے بڑے حصے کا ایک اہم حصہ ہے۔"

شمال مشرقی خطے کے ڈائریکٹر برائے ینگ انونسیبلز Sean Miller نے کہا، "SUNY ٹاپ 10% پرومس پروگرام، امید افزا طلباء، خاص طور پر کم آمدنی والے پس منظر سے تعلق رکھنے والوں کے لیے SUNY کیمپس میں داخلہ لینے اور کامیاب ہونے کا ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے۔ مجموعی GPA کا استعمال کرتے ہوئے، تعلیمی تیاری کا سب سے درست معیار، اور طلباء کو خود بخود قبول کرنے کے نتیجے میں ان بہترین ریاستی اسکولوں میں داخلے کی راہ میں حائل بڑی مالی اور انتظامی رکاوٹیں دور ہو جاتی ہیں۔ اس اقدام کے آغاز پر ینگ انونسیبلز NY اور ہمارے طلباء کے نیٹ ورک کی جانب سے SUNY کے چانسلر John B. King Jr. اور گورنر Hochul کو سراہا گیا ہے—یہ نیو یارک میں اعلیٰ تعلیم کی رسائی، مساوات، اور اقتصادی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ہے۔"

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کا تعارف
ریاستی یونیورسٹی نیو یارک امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کا سب سے بڑا جامع نظام ہے، اور نیو یارک کے تمام 95 فیصد سے زیادہ باشندے SUNY کے 64 کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سے کسی ایک سے 30 میل کی حدود کے اندر مقیم ہیں۔ اس پورے نظام میں، SUNY کے پاس چار تعلیمی مراکز صحت، پانچ ہسپتال، چار میڈیکل سکول، دو ڈینٹل سکول، ایک لاء سکول، بحریہ کے زمانے سے ملک کا قدیم ترین اسکول، ریاست کا واحد کالج آف آپٹومیٹری ہے، اور یہ امریکی محکمۂ توانائی کی ایک قومی لیبارٹری کا انتظام چلاتا ہے۔ مجموعی طور پر، SUNY تقریباً 1.4 ملین طلباء کو اپنے پورے پورٹ فولیو کے کریڈٹ اور نان کریڈٹ بیئرنگ کورسز اور پروگراموں، مسلسل تعلیم اور کمیونٹی میں رسائی کے پروگراموں سے خدمات فراہم کرتا ہے۔ SUNY نیو یارک میں ہونے والی تعلیمی تحقیق میں سے تقریباً ایک چوتھائی کی نگرانی کرتی ہے۔ مالی سال 2023 میں، اس پورے نظام کے تحقیق کے اخراجات تقریباً $1.1 بلین ہیں، جن میں طلباء اور تدریسی عملے کی جانب سے قابل قدر چندے والی رقوم بھی شامل ہیں۔ دنیا بھر میں تین ملین سے زائد SUNY کے سابق طلباء ہیں اور نیو یارک کے کالج کی ڈگری کے حامل ہر تین باشندوں میں سے ایک SUNY سے فارغ التحصیل ہے۔ SUNY کس طریقے سے مواقع تخلیق کرتا ہے، اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، یہاں ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں